ناول: بی ایس اردو نوٹس

ناول ....

ناول کے اجزائے ترکیبی ....

- کہانی ....
- پلاٹ..
- کردار..
- زبان وبیان..
- منظر نگاری..
- تجسس ....
- مکالمہ..
- تسلسل..

Download in Pdf Form

www.bsurdunotes.com

ناول:

ناول اطالوی زبان کا لفظ ہے جو انگریزی سے ہوتا ہوا اردو میں آیا-اس کے معنی انوکھا, نرالا کے ہیں-اصطلاح میں ناول وہ کہانی ہے جس کا موضوع انسان زندگی ہو-ناول میں حقیقت نگاری بنیادی چیز ہے-فرضی اور خیالی چیزوں سے اجتناب کیا جاتا ہے-اصل میں ناول داستان کی ارتقائی شکل ہے اور انسانی زندگی کی تصویر کشی کرتا ہے-

ناول کے اجزائے ترکیبی

- کہانی
- پلاٹ
- کردار
- زبان و بیان
- منظر نگاری
- تجسس
- مکالمہ
- تسلسل

کہانی:

کہانی ناول کے لیے بنیادی چیز ہے- قصے کے بغیر ناول, ناول کہلانے کا مستحق نہیں رہتا- کہانی کی منطقی ترتیب پر اس کی کامیابی کا انحصار ہوتا ہے- کہانی ایک سے زیادہ واقعات پر مشتمل ہوتی ہے اور ناول کی کہانی کا تعلق انسان زندگی اور اس کے متعلق مسائل پر ہوتا ہے-

پلاٹ:

یہ انگریزی کا لفظ ہے- اس سے مراد وہ ذہنی خاکہ ہے جو ناول نگار کہانی کے آغاز میں کہانی کی ترتیب اور اس کے متعلق اپنے ذہن میں بناتا ہے- اس کی عمدگی کا انحصار پلاٹ پر ہی ہوتا ہے- پلاٹ گٹھا ہوا ہونا چاہیے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ناول نگار قصے کو کس نظریے سے دیکھ رہا ہے- اسی کی روسے ناول کے کرداروں کا تعلق معلوم ہوتا ہے-

کردار:

کوئی بھی کہانی کرداروں کے بغیر وجود میں نہیں آتی- ناول معاشرے کی عکاسی کرتا ہے اس لئے اس میں ہر قسم کے کرداروں کی موجودگی لازمی ہے- ان کے افعال واعمال اور عمل اور رد عمل سے ہی ناول کی تشکیل ہوتی ہے- ایک یا دو کردار ہمیشہ اہم ہوتے ہیں جنہیں مرکزی کردار کہا جاتا ہے- اور کچھ ضمنی کردار بھی ہوتے ہیں- ناول نگار کی خوبی یہ ہے کہ وہ جس کردار کو جیسا پیش کرنا چاہتا ہے اس کی زبان, اس کا اسلوب, اس کی نسل, اس کا لباس وغیرہ اس کردار کے مطابق ہی ہوا گر ایسا ہو تو ہی ناول کامیابی کی منزل کو چھو سکے گا-

زبان وبیان:

کسی بھی ناول کی تشکیل میں ناول کی زبان وبیان اور اسلوب انداز تحریر بڑی اہمیت رکھتے ہیں-اس کی کامیابی کا انحصار اسی بات پر ہے کہ اس ناول میں موجود کرداروں کی زبان اس کردار کے مطابق ہی ہے یا نہیں-اس کے تراکیب, تشبہات وتمثیلات کا بیان استعمال کیسا ہے؟اس کے جملوں کی ساخت کیسی ہے؟اوران کرداروں کی گفتگو کیسی ہے؟ہر کردار کی زبان سے نکلا ہوا جملہ اس کے کردار کے مطابق ہونا چاہئے-

منظر نگاری:

داستان کی طرح ناول میں بھی منظر نگاری ایک اہم جزہے-اچھا ناول نگار ناول میں موجود منظر کو اچھی طرح سے پیش کرتا ہے تاکہ قاری کے ذہن میں اس کی مکمل تصویر چھپ سکے-مناظر سے کہانی میں دلچسپی اور لطف پیدا ہوتا ہے-قدرتی مناظر کے علاوہ باقی مناظر بھی جو ناول نگار پیش کرتا ہے انہیں ایسے ہی پیش کرنا چاہیے کہ قاری کے ذہن میں اس منظر کی تصویر بن جائے-زندگی کی تقریبات کا بیان بھی اسی انداز میں ہو کہ وہ واقع ہی تقریبات لگیں-

مکالمہ:

ناول کے کرداروں کے درمیان باہمی گفتگو کو مکالمے کہتے ہیں۔ مکالمہ کسی بھی کردار کی کردار نگاری کا بہترین وسیلہ ہے جو ناول کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ ضروری ہے کہ مکالمہ چست، برجستہ، مختصر اور کردار کی نمائندگی کرتا ہو۔ مکالمہ جتنے جاندار اور فطری ہوں گے ناول اتنا ہی عمدہ ہوگا۔

تجسس:

ناول نگار اس کے قصوں کو ایسی ترتیب دے کہ کہانی منطقی انداز میں آگے بڑھے۔ قاری کی توجہ کہانی کی طرف رہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے واقعات میں تحیر، تعجب، پراسراریت اور چونکا دینے والی کیفیت فطری انداز میں پیدا کی جائے تاکہ کاری کا تجسس رہے۔

تسلسل:

ناول میں ایک سے زیادہ واقعات ایک ساتھ چلتے ہیں۔ ایک اچھے ناول نگار کی خوبی یہی ہے کہ وہ ان واقعات کو ایک ایسی ترتیب کے ساتھ پیش کرے کہ وہ واقعات دلچسپ لگے۔ ان واقعات کا ایک مرکز ہو جہاں تمام واقعات ایک ہی کہانی لگے اور ان واقعات کو ایک دوسرے کے ساتھ باہم پیوست کیا جائے۔